AQF / Shabbir

13-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 جھارکھنڈ اسمبلی کے پہلے مرحلے کے انتخابات کیلئے سخت حفاظتی انتظامات کے دوران 43 حلقوں میں پولنگ جاری ہے۔

.2 ووٹ ڈالنے کا عمل 10 ریاستوں کے 31 اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات کے تحت، اور کیرالہ کے وائناڈ پارلیمانی حلقے میں بھی جاری ہے۔

.3 وزیراعظم نریندر مودی آج بہار میں 12 ہزار کروڑ روپے کی لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور ان میں سے کچھ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

.4 اکتوبر 2023 سے اب تک بھارت کی قابل تجدید توانائی کی صلاحیت میں ساڑھے تیرہ فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور یہ بڑھ کر 203 گیگا واٹ ہوگئی ہے۔

.5 موسمیات کی عالمی تنظیم نے خبردار کیا ہے کہ ریکارڈ کے مطابق 2024، گرم ترین سال رہا، کیونکہ عالمی درجہ حرارت میں وقتی طور پر ایک اعشاریہ پانچ چار ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوا ہے۔

.6 اور کھیلوں میں : آج شام سنچورین میں تیسرے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

JHARKHAND POLLING

جھارکھنڈ میں سخت حفاظت انتظامات کے دوران آج پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے پولنگ شروع ہوگئی ہے۔ پولنگ 15 ضلعوں کے 43 حلقوں میں کی جارہی ہے، جو آج شام پانچ بجے ختم ہوجائے گی۔ البتہ 31 حلقوں میں 950 حساس بوتھوں پر، پولنگ کا عمل سہ پہر چار بجے ہی ختم کردیا جائے گا۔ ایک کروڑ 37 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان، 683 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے، جن میں 73 خواتین ہیں۔

سابق وزیراعلیٰ، سرائے کیلا کے، BJP سے وابستہ چمپئی سورین، راجیہ سبھا ممبر پارلیمنٹ اور JMM امیدوار، رانچی کی

مہوؤا ماجی، لوہردگا سے کانگریس کے رامیشور اوراؤ، جمشید پور ویسٹ سے جناادل یو کے سریو رائے اور اِیچاگڑھ سے AJSU کے ہرے لال مہتو، اہم امیدواروں میں شامل ہیں۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے-روی کمار نے ووٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ بے خوف ہوکر اپنا ووٹ دیں۔ **Byte: K Ravi Kumar CEO**

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ آزادانہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔ پوری ریاست میں مرکزی نیم فوجی دستوں کی 200 کمپنیاں تعینات کی گئی ہیں۔ ضلعوں کے درمیان واقع سرحدوں کو سیل کردیا گیا ہے۔ یوپی، بہار، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور اڈیشہ کے سرحدی علاقوں میں نکسل سرگرمیوں پر قابو پانے کیلئے ایک مشترکہ کارروائی شروع کی گئی ہے۔ کسی ناگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے ہیلی کاپٹروں کو بھی استعمال کیا گیا ہے۔x

## GUJRAT BY POLLS

گجرات میں آج بناس کانٹھا ضلعے میں، واحد اسمبلی سیٹ Vav کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اس کیلئے انتخابی کمیشن نے وسیع انتظامات کئے ہیں۔

ایک رپورٹ۔ **V-C Aparna**

*آج 321 ای وی ایمز کے ذریعہ تین لاکھ 10 ہزار رائے دہندگان اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ اس ضمنی انتخاب میں کُل 10 امیدوار میدان میں ہیں اور یہاں BJP رہنما Swarupji ٹھاکر، کانگریس رہنما گلاب سنگھ راجپور اور ایک آزاد امیدوار Mavji پٹیل کے درمیان سہ رُخی مقابلہ ہے۔ Vav سیٹ، کانگریس MLA جینی بین ٹھاکر کی طرف سے استعفیٰ دیئے جانے کے بعد خالی ہوگئی تھی۔ یہ استعفیٰ انہوں نے اس سال لوک سبھا کے عام انتخابات میں بناس کانٹھا سیٹ جیتنے کے بعد دیا تھا۔ یہ حلقہ کانگریس کا مضبوط گڑھ رہا ہے اور جینی بین ٹھاکر نے اس حلقے سے لگاتار دو بار 2017 اور 2022 میں کامیابی حاصل کی تھی۔*

*احمد آباد سے اپرنا گھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے*

## KERALA BY POLLS

11 ریاستوں کے 33 اسمبلی حلقوں اور کیرالہ کی وائناڈ پارلیمانی سیٹ کے ضمنی انتخابات کیلئے آج ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔ ان میں راجستھان کی 7 سیٹیں، مغربی بنگال کی 6، آسام کی 5، بہار کی 4، کرناٹک کی 3 اور مدھیہ پردیش اور سکم کی ایک۔ایک سیٹ شامل ہے۔اس کے علاوہ کیرالہ، چھتیس گڑھ، گجرات اور میگھالیہ کی ایک۔ایک سیٹ پر بھی ضمنی اسمبلی انتخابات کرائے جائیں گے۔x

**MAHA COMPAIGNING**

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات، جھارکھنڈ میں دوسرے مرحلے کی پولنگ کے ساتھ اس ماہ کی 20 تاریخ کو ہوں گے۔ ریاست کی ناندیڑ لوک سبھا سیٹ کیلئے ضمنی انتخاب بھی اسی دن ہوگا۔ اب جبکہ چھ دن باقی رہ گئے ہیں، ریاست میں انتخابی مہم میں شدت آ گئی ہے اور مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کی حمایت حاصل کرنے کیلئے ریاست کے مختلف حصوں میں ریلیاں کررہے ہیں۔x

**MAHA ILLEGAL ASSESTS SEIZED**

مہاراشٹر میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیش نظر گاڑیوں کے معائنے اور مثالی ضابطۂ اخلاق پر عمل درآمد کے لیے چھ ہزار ٹیموں کو تعینات کیا گیا ہے۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے مطابق اب تک 500 کروڑ روپے مالیت کے غیر قانونی اثاثوں کو ضبط کیا جا چکا ہے۔x

**PM-BIHAR**

وزیراعظم نریندر مودی آج بہار کے ضلع دربھنگہ کا دورہ کریں گے اور ریاست میں 12 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت کے بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور ان میں سے کچھ کو ملک کے نام وقف کریں گے۔
خطے میں صحت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو بڑے پیمانے پر فروغ دیتے ہوئے وزیراعظم مودی دربھنگہ میں ایمز کا سنگ بنیاد رکھیں گے، جس پر ایک ہزار 260 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔ یہ پروجیکٹ ایک سُپر اسپیشلٹی اسپتال، آیوش بلاک، میڈیکل کالج، نرسنگ کالج، رین بسیرا اور رہائشی سہولیات وغیرہ پر مشتمل ہے۔ JDU کے قومی ایگزیکیٹو صدر سنجے جھا نے بتایا کہ یہ شمالی بہار کیلئے ایک بڑی نعمت ہوگی۔ **Byte: Sanjay Jha**

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Dhramendra kumar Rai**

*ایمز دربھنگہ کے علاوہ وزیراعظم آج شمالی بہار، خاص طور پر **Mithilanchal** میں جن پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، اُن میں زیادہ تر کا تعلق ریل، سڑک رابطے، ایندھن تقسیم کے بنیادی ڈھانچے اور صحت سہولیات سے ہے۔ ان سہولیات سے پڑوسی ملک نیپال کے ساتھ تجارت کو فروغ حاصل ہوگا اور بہت سے شہروں تک براہ راست رسائی حاصل ہوگی۔ جناب مودی قومی شاہراہ کے بہت سے پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کریں گے اور ان میں سے کچھ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ بہار کیلئے ان پروجیکٹوں پر پانچ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔ وہ پورے بھارت میں مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر 18 ''پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی کیندروں'' کو ملک کے نام وقف کریں گے۔ ان*

سے مسافروں کیلئے ریلوے اسٹیشنوں پر کم لاگت والی دواؤں کی دستیابی کی یقین دہانی ہوگی۔
دربھنگہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

**PREZ UT VISIT**

صدر جمہوریہ، جو کہ مرکز کے زیر انتظام علاقے DADRA اور نگر حویلی اور دمن اور دیو کے تین روزہ دورے پر ہیں، Silvasa میں Namo میڈیکل ایجوکیشن اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ جائیں گی۔ صدر جمہوریہ انسٹی ٹیٹ میں طلبا اور اساتذہ سے بات چیت کریں گی۔ وہ بعد میں Zanda Chowk School کا افتتاح کریں گی اور سلواسا میں ایک عوامی تقریب سے خطاب کریں گی۔ وہ دیو میں INS Khukri یادگار بھی جائیں گی۔
ہمارے نامہ نگارنے خبر دی ہے کہ Zanda School Eduction Hub کو 76 کروڑ روپے سے تعمیر کیا گیا ہے اور یہ تقریباً 12 ہزار طلبا، کے لیے جدید سہولیات سے آراستہ ہے۔ x

**JAISHANKAR-SAUDI ARAB**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، آج نئی دلّی میں سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود سے ملاقات کریں گے۔ سعودی وزیر خارجہ، بھارت کے دو روزہ دورے پر کل نئی دلّی پہنچے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ بھارت اور سعودی عرب کے درمیان گہرے دوستانہ تعلقات ہیں، جن سے صدیوں پرانے اقتصادی اور سماجی و ثقافتی تعلقات کا اظہار ہوتا ہے۔ بھارت، سعودی عرب کا دوسرا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے، جبکہ سعودی عرب، بھارت کا چوتھا سب سے بڑا شراکت دار ہے۔ مالی سال 2023 کے دوران دوطرفہ تجارت کی قدر 52 اَرب 76 کروڑ ڈالر تھی۔
سعودی عرب میں بھارتی افراد کی تعداد 20 لاکھ 65 ہزار سے زیادہ ہے، جو دونوں ملکوں کے درمیان ایک گہرے رابطے کی وجہ ہے۔ سالانہ حج بھی، بھارت- سعودی عرب دوطرفہ تعلقات کا ایک اہم حصہ ہے۔×

**BREAK**

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

**GONG**

**INDIAN RENWABLE ENERGY**

بھارت کے قابل تجدید توانائی کے شعبے میں پچھلے سال اکتوبر سے اس سال اکتوبر کے دوران قابل ذکر ترقی کی

ہے۔ جدید اور قابل تجدید توانائی کی وزارت کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق بھارت کے قابل تجدید توانائی کے مجموعی تحصیبی صلاحیت میں ایک سال میں 13 اعشاریہ پانچ فیصد کا اضافہ ہوا ہے جو 24 اعشاریہ دو گیگاواٹ اضافے کے ساتھ اکتوبر 2023 میں 178 اعشاریہ نو۔آٹھ گیگا واٹ سے بڑھ کر اس سال اکتوبر میں 203 اعشاریہ ایک۔آٹھ گیگا واٹ ہوگیا ہے۔

## PM-NIGERIA BRAZIL GUYANA VISIT

وزیراعظم نریندر مودی اس ماہ کی 16 تاریخ سے تین ملکوں، نائیجیریا، برازیل اور گویانا کا دورہ کریں گے۔ وہ نائیجیریا کے صدر بولا احمد Tinubu کی دعوت پر 16 اور 17 نومبر کو نائیجیریا کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے میں وزیراعظم دو ملکوں کے درمیان دفاعی شراکت داری کا جائزہ لیں گے اور دوطرفہ تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کیلئے دیگر موقعوں پر بھی بات چیت کریں گے۔

وزیراعظم 18 اور 19 نومبر کو جی-ٹوینٹی سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے برازیل کے شہر Rio De Janeiro جائیں گے۔ بھارت، برازیل اور جنوبی افریقہ کے ساتھ، جی-ٹوینٹی Troika کا حصہ ہے اور وہ جی-ٹوینٹی سربراہ کانفرنس میں جاری مذاکرات میں سرگرم تعاون دیتا رہا ہے۔ وزیراعظم مودی 19 سے 21 نومبر تک گویانا کا سرکاری دورہ کریں گے۔ وزیراعظم اپنے دورے میں صدر علی سے بات چیت کریں گے اور گویانا کے دیگر اہم رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔×

## CIP-IIP

رواں مالی سال کے دوران، اکتوبر میں بھارت کی خردہ افراطِ زر بڑھ کر 6 فیصد سے زیادہ ہوگئی جو ستمبر کے مہینے میں پانچ اعشاریہ چار نو فیصد تھی۔ اعداد وشمار اور پروگرام پر عملدرآمد کی وزارت کی طرف سے جاری ڈیٹا کے مطابق دیہی علاقوں میں افراطِ زر چھ اعشاریہ چھ آٹھ فیصد رہی جبکہ شہری علاقوں میں یہ پانچ اعشاریہ چھ دو فیصد رہی۔×

## 2024 HOTTEST YEAR

ریکارڈ کے مطابق 2024 گرم ترین سال رہا۔

پیش ہے اس سلسلے میں ایک رپورٹ۔ V-C Vishnu PS

*موسمیات کی عالمی تنظیم WMO کی طرف سے جاری ایک رپورٹ کے مطابق فریقین کی کانفرنس جاری اجلاس COP-29 کے دوران سال 2024 ریکارڈ کے مطابق گرم ترین سال رہا۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ پیرس معاہدے سے وابستہ امیدیں خطرے میں پڑ گئی ہیں۔ پیرس معاہدے کا مقصد*

*کرۂ ارض کے درجہ حرارت کا طویل مدتی اوسط اضافہ دو ڈگری سے کم رکھا جاتا ہے اور اسے ایک اعشاریہ پانچ ڈگری تابکاری تک محدود کرنے کیلیے کوششیں جاری رکھنا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ 2015 سے 2024 ریکارڈ کے مطابق گرم ترین دہائی رہے گی، جس کے دوران گلیشیئر سے برف پگھلے گی، سطح سمندر میں اضافہ ہوگا اور سمندروں کی گرمی میں اضافہ ہوگا۔*

*وِشنو پی ایس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......*

**IMD RAIN FOG**

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اگلے تین سے چار دن کے دوران ملک کے جنوبی علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے اتوار تک تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور Mahe میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے ساحلی آندھرا پردیش، Yanam اور رائل سیما میں آج اور کل اور کرناٹک کے جنوبی اندرونی علاقے میں بھی شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق پنجاب کے دور دراز کے حصوں میں کل تک دیر رات اور صبح کے وقت گھنا اور بہت گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ اسی طرح کی صورتحال ہریانہ اور اترپردیش میں جمعہ تک اور ہماچل پردیش میں اتوار تک برقرار رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران آج صبح دلی NCR کے کئی حصوں میں کہرے کی ہلکی چادر نظر آئی۔ IMD نے آج دلی میں ہلکے کہرے کے ساتھ کم سے کم درجہ حرارت 16 ڈگری سیلسیس اور زیادہ سے زیادہ 32 ڈگری سیلسیس رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔x

**DELHI AIR QIALITY**

دلی NCR میں ہوا کا معیار مسلسل خراب ہے۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق دلی میں آج صبح سات بجے، ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ 334 درج کیا گیا۔ دلی NCR میں شدید دھند بھی چھائی رہی۔ دلی حکومت نے کل لوگوں کو خاص طور پر سیکیورٹی گارڈس کو الیکٹرک ہیٹرس فراہم کیے تھے تاکہ کھلے میں آگ لگنے کے معاملوں اور دھند نیز آلودگی کی روک تھام کی جا سکے۔ 301 سے 400 کے درمیان AQI بہت خراب مانا جاتا ہے۔x

**CRICKET INDIA-SA**

کرکٹ میں آج جنوبی افریقہ کے Centurion میں واقع سُپر اسپورٹ پارک میں چار میچ کی ٹی-ٹوینٹی سیریز کے تیسرے میچ میں بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔

یہ سیریز ایک -ایک سے برابر ہے، کیونکہ جنوبی افریقہ نے دوسرے میچ میں تین وکٹ سے جیت حاصل کی تھی، جبکہ بھارت نے پہلا میچ 61 رن سے جیتا تھا۔×

## BADMINTON JAPAN MASTERS

بیڈمنٹن میں آج اولمپک میں دو بار تمغے جیتنے والی بھارت کی پی۔وی سندھو اور لکشیہ سین Kumamoto میں Kumamoto Masters Japan 2024 ٹورنامنٹ کے اپنے پہلے راؤنڈ کے میچ کھیلیں گے۔ سندھو خواتین سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں تھائی لینڈ کی کھلاڑی سے مقابلہ کریں گی جبکہ سین مردوں کے سنگلز Round of 32 میں ملیشیا کے Leong Jun Hao سے کھیلیں گے۔x

## ATP TENNIS FINALS

ٹینس میں آج شام بھارت کے روہن بوپنا اور ان کے آسٹریلیائی جوڑی دار Matthew Ebden، ATP Finals 2024 میں مقابلہ کریں گے۔ بوپنا اور Ebden مردوں کے ڈبلز گروپ مرحلے میں ٹاپ سیڈ El Salvador کے Marcelo Arevalo اور کروشیا کے Mate Pavic کا مقابلہ کریں گے۔ یہ میچ بھارتی وفد کے مطابق سہ پہر چار بجے ہوگا۔ پیر کے روز پہلے گروپ مرحلے کے میچ میں بھارت اور آسٹریلیا پر مشتمل یہ جوڑی اٹلی کی جوڑی سے چھ۔دو، چھ۔تین سے ہار گئی تھی۔ x

## WOMEN ASIAN HOCKEY

بہار میں خواتین کی ایشیائی چمپئنز ٹرافی کے مقابلے جاری ہیں اور آج شام راجگیر میں میزبان اور دفاعی چمپئن بھارت کا مقابلہ تھائی لینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ شام چار بجکر 45 منٹ پر شروع ہوگا۔ اِس دوران کل بھارت نے جنوبی کوریا کو تین-دو سے ہرایا تھا۔ دیپکا کماری نے دو گول کئے، جبکہ سنگیتا کماری نے ایک گول کیا۔ آج بھی مزید دو اہم مقابلے ہونے ہیں۔ جنوبی افریقہ کا مقابلہ دن میں سوا بارہ بجے ملیشیا سے، جبکہ چین کا مقابلہ سہ پہر ڈھائی بجے ہوگا۔×

## TELAANGANA VILLAGERRS

تلنگانہ کے وقار آباد ضلع میں Lagacharla کے درجنوں لوگوں کو ایک احتجاج کے دوران مبینہ طور پر سرکاری افسران پر حملہ کرنے کی پاداش میں کل حراست میں لیا گیا۔ یہ احتجاج Lagacharla گاؤں میں ایک دن پہلے ہوا تھا جو کہ Kodangal اسمبلی حلقے کے تحت آتا ہے جس کی نمائندگی وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی کر رہے ہیں۔

گاؤں والوں نے ڈنڈوں سے حملہ کیا تھا اور پتھراؤ کیا تھا جس میں ایک ڈپٹی پولیس سپرنٹنڈنٹ سمیت چار اہلکار زخمی ہوگئے تھے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس وی ستیہ نارائن نے کہا کہ پولیس حملے میں شامل لوگوں اور جن لوگوں نے انھیں اکسایا تھا، ان کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

شکریہ - اسلم بیگ

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات سے متعلق خبروں کو اپنے پہلے صفحے پر خصوصیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ ہندوستان ایکس پریس کی شہ سرخی ہے ''جھارکھنڈ میں اسمبلی الیکشن کا پہلا مرحلہ آج، 43 سیٹوں پر ووٹنگ کی تمام تیاریاں مکمل۔ روزنامہ پرتاپ نے وزیراعظم کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ ''مہاراشٹر کو مہایوتی مضبوط حکومت کی ضرورت ہے۔

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ (ای ڈی) کی طرف سے منی لانڈرنگ کیس میں جھارکھنڈ اور بنگال میں 17 مقامات پر چھاپوں سے متعلق خبر کو ہندوستان ایکس پریس اور ملاپ نے اپنے صفحۂ اول پر شائع کیا ہے۔ اس کے علاوہ ان دونوں اخباروں نے راہل گاندھی کے جہاز میں تکنیکی خرابی کے سبب اُن کے مہاراشٹر نہ پہنچ پانے کی خبر کو بھی اپنے صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے آذر بائیجان کے شہر باکو میں موسمیاتی تبدیلی پر 12 روزہ سربراہ کانفرنس سے متعلق خبر کو اپنے صفحۂ اول پر خصوصیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ بھارت کی طرف سے ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ 19 ارکان پر مشتمل بھارتی وفد کے ساتھ اس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اسی خبر کو روزنامہ انقلاب نے اپنے عالمی خبروں کے صفحے پر شائع کیا ہے اور اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری انتونیو گوٹرس کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ''گلوبل وارمنگ کو روکنے کے لیے دنیا کے پاس آخری موقع ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 جھارکھنڈ اسمبلی کے پہلے مرحلے کے انتخابات کیلئے سخت حفاظتی انتظامات کے دوران 43 حلقوں میں پولنگ جاری ہے۔

.2 ووٹ ڈالنے کا عمل 10 ریاستوں کے 31 اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات کے تحت، اور کیرالہ کے وائناڈ پارلیمانی حلقے میں بھی جاری ہے۔

3. وزیراعظم نریندر مودی آج بہار میں **12** ہزار کروڑ روپے کی لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور ان میں سے کچھ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔
4. اکتوبر **2023** سے اب تک بھارت کی قابل تجدید توانائی کی صلاحیت میں ساڑھے تیرہ فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور یہ بڑھ کر **203** گیگا واٹ ہوگئی ہے۔
5. موسمیات کی عالمی تنظیم نے خبردار کیا ہے کہ ریکارڈ کے مطابق **2024**، گرم ترین سال رہا، کیونکہ عالمی درجہ حرارت میں وقتی طور پر ایک اعشاریہ پانچ چار ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوا ہے۔
6. اور کھیلوں میں : آج شام سنچورین میں تیسرے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------